11-07-2026

12:30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار

مودی نیوزی لینڈ

بھارت اور نیوزی لینڈ نے دفاع، سیاحت، کھیل اور آفات سے نمٹنے کے بندوبست کے شعبوں میں پانچ اہم مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں جس سے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں ایک نئی لچک آنے کی توقع ہے۔

یہ مفاہمت نامے وزیراعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے ان کے ہم منصب Christopher Luxon کے درمیان آکلینڈ میں منعقدہ وفدی سطح کی بات چیت کے بعد طے پائے ہیں۔

ایل جی یاترا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ، شری امرناتھ جی شرائن بورڈ، پولیس، فوج، نیم فوجی دستوں، اور دیگر متعلقہ اداروں کے اشتراک سے یاترا کے پُرامن،محفوظ اور احسن انعقاد کیلئے جامع انتظامات کئے گئے ہیں۔ بال تل بیس کیمپ کا دورہ کرکے شری امرناتھ جی یاترا کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ایل جی نے وہاں موجود یاتریوں سے ملاقات بھی کی۔

لیفٹیننٹ گورنر نے رہائش، صفائی، طبی سہولیات اور دیگر بنیادی انتظامات کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ بال تل اور چندن واڑی میں قائم سو/سو بستروں پر مشتمل اسپتال یاتریوں کو معیاری طبی خدمات فراہم کررہے ہیں

....................

امرناتھ یاترا

دریں اثنا سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے پہلے 8دنوں میں درشن کرنے والے یاتریوں کی تعداد نے 2لاکھ کاہندسہ پارکرکے ایک بڑاسنگ میل طے کیاہے۔

اس بارے میں ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کہا ہے کہ اتنی بڑی تعدادبابابرفانی کے تئیں شردھالوؤں کے عقیدے کی عکاسی کرتی ہے۔

اس دوران آج بھی بال تل اور چندن واڑی کے راستے سے کئی ہزار یاتری گپھا کی طرف روانہ ہوئے ہیں۔اس دوران آج بھی بال تل اور چندن واڑی کے راستے سے کئی ہزار یاتری گپھا کی طرف روانہ ہوئے ہیں جبکہ دوپہر 12بجے تک مزید 14303 یاتریوں نے شیولنگم کے درشن کئے۔

ادھر جموں سے آج علی الصبح یاتریوں کا 10وانجتھہ بھی وادی کی طرف روانہ کیاگیاہے۔

ڈی سی بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے کل شادی پورہ یاترا ٹرانزٹ کیمپ کا دورہ کر کے وہاں پر شری امرناتھ جی یاترا کیلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ بلا خل امرناتھ جی یاتراکو یقینی بنائیں۔ انہوننے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کو ہرممکن سہولیات فراہم کریں۔ اس موقعہ پر انہوننے کئی شرھالوؤں سے بھی بات کی۔

ایل جی ملاقات

گردوارہ پربندھک کمیٹی سرینگر کے صدرایس جیسپال کی قیادت میںایک وفد نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے گردوارہ چھٹی پادشاہی کی خوبصورتی کو مزید جاذب نظر کرنے اور دیگر متعلقہ مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

دریں اثنا ایم ایل اے ہیرانگر ایڈوکیٹ وجے کمار شرما نے بھی ایل جی منوج سنہا سے ملاقات کی جس دوران انہوننے اپنے علاقے کے عوامی اور ترقیاتی مسائل ان کی نوٹس میں لائے۔

سی ایم

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں کشمیر میراتھن کے تیسرے شمارے کیلئے آفیشل برینڈنگ کی نقاب کشائی کی ہے۔

آفیشل برینڈنگ کی نقاب کشائی کے ساتھ ہی مذکورہ میراتھن کارجسٹریشن پورٹل بھی کھل گیا۔واضح رہے کہ یہ مراتھن اکتوبر کے مہینے میں منعقد ہوگی۔

اسی دوران خدمت سینٹر ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے عمرعبداللہ سے ملاقات کی۔

وفد کے ارکان نے وزیر اعلیٰ کو خدمت مراکز کے کام کاج اور لوگوں کو ان مراکز کے ذریعے فراہم کی جارہی خدمات کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

کولگام ڈی سی

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ایک میٹنگ کے دوران سوچھ بھارت مشن کے تحت جاری گوبردھن سکیم اور سولڈ ویسٹ منیجمنٹ رولز2026کے نفاذ کا جائزہ لیا۔ انہوںننے سولڈ ویسٹ منیجمنٹ رولز کی موثر عمل آوری کیلئے ایک مربوط لائحہ عمل کویقینی بنانے پر زور دیا۔

MBBS

جموں کشمیر میں ایک اہم پیش رفت کے تحت طب کے شعبے میں تعلیم کے فروغ کے لئے کے لئے 50سیٹوں کے اضافے کا اعلان کیاگیاہے-MBBS گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگرمیں

سرینگر مینرواں تعلیمی سیشن سے GMC نے اس سلسلے میںNMC نیشنل میڈیکل کونسل کی موجودہ 200نشستوں کو250کرنے کی منظور ی دی ہے-MBBS ہی

کولگام عدالت

پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج کولگام اعجاز احمد خان کی صدارت میں کل ضلع میں عدالتی ڈھانچے اور انصاف کی فراہمی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی غرض سے مختلف متعلقین کی ضلعی رابطہ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی۔

میٹنگ کے دوران دیگر عدالتی ڈھانچے سے متعلقہ مسائل پر بھی غوروخوض کیاگیا۔

سنکلپ ہب شوپیان

سنکلپ ہب فار ایمپاورمنٹ آف وومن اورمشن شکتی شوپیان نے بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ مہم کے تحت ضلع مینایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔ اس اقدام کا مقصد بچیوں کے تحفظ، تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے کے تئیں عوام میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔

اس پروگرام کے ذریعے لڑکیوں کے لئے تعلیم، صحت کی دیکھ بال ، سماجی معاونت اور دیگر اہم مواقع فراہم کرنے کے تئیں عوام کو بیدار کیاگیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ